## ملک کی بدلتی ہوئی سیاسی صورتحال پر ایم کیوایم نے کل بروز بدھ کو ہنگامی اجلاس طلب کرلیا

## اجلاس میں ملک کی بدلتی ہوئی سیاسی صورتحال، جمعیت علمائے اسلام کی حکومت سے علیحدگی، حکومت کے رویہ، طرزِ عمل، ایم کیوایم کے تحفظات اور دیگر ایشوز پر غور وخوض کیا جائے گا

کراچی۔۔۔14، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملک کی بدلتی ہوئی سیاسی صورتحال پر پاکستان اورلندن کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کا مشترکہ ہنگامی اجلاس کل بروز بدھ طلب کرلیا ہے۔ یہ ہنگامی اجلاس لندن اور پاکستان میں بیک وقت منعقد ہوگا جس میں ملک کی بدلتی ہوئی سیاسی صورتحال، جمعیت علمائے اسلام کی حکومت سے علیحدگی، پیپلز پارٹی کی حکومت کے رویہ، طرز عمل، ایم کیوایم کے تحفظات اور دیگر ایشوز پر غور وخوض کیا جائے گا اور مستقبل کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ اجلاس کے بعد ایم کیوایم کے مستقبل کے لائحہ عمل کے حوالہ سے ابطہ کمیٹی کا مشترکہ بیان جاری کیا جائے گا۔

## فن لینڈ کے سفیر (MR.OSOMO LIPPON) ودیگر کا نائن زیرو کا دورہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

کراچی۔۔۔۔14، دسمبر 2010ء

فن لینڈ کے سفیر (MR.OSOMO LIPPON)، سیکریٹری اینڈ ڈپٹی چیف آف کمیشن (MISS KATJA KALAMAKI) اور کراچی میں متعین اعزازی قونصل جنرل (MR.AHMAD MEHMOOD) نے منگل کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، اور ارکان رابطہ کمیٹی محترمہ نسرین جلیل اور کنور خالد یونس سے ملاقات کی۔ اس موقع پر رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ملک کی موجودہ سیاسی، اقتصادی ومعاشی صورتحال سمیت بالخصوص کراچی میں امن وامان اور باہمی امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ فن لینڈ کے سفیر نے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی جانب سے ملک میں سیاسی، اقتصادی ومعاشی ترقی کیلئے اہم کردار ادا کرنے پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی قیادانہ صلاحیتوں کو سراہا اور ملک کی بقاء وسلامتی کیلئے ایم کیوایم کی کاوشوں کو انتہائی اہم قرار دیا۔ انہوں نے فن لینڈ اور پاکستان کے درمیان کاروباری، تجارتی سرگرمیوں سمیت دوستانہ تعلقات کو فروغ اور تعاون دینے پر زور دیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم کراچی سمیت ملک بھر میں قیام امن کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کررہی ہے اور اس سلسلے میں تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں سے باہمی رابطوں کو مضبوط سے مضبوط تر کررہی ہے۔ بعدازاں ڈاکٹر فاروق ستار اور دیگر ارکین رابطہ کمیٹی نے فن لینڈ کے سفیر، سیکریٹری اینڈ ڈپٹی چیف آف کمیشن اور کراچی میں متعین اعزازی قونصل جنرل کا نائن زیرو آمد پر انکا شکریہ ادا کیا اور اپنی نیک دلی خواہشات کا اظہار بھی کیا۔ قبل ازیں فن لینڈ کے سفیر دیگر کے ہمراہ جب نائن زیرو پہنچیں تو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکانِ محترمہ نسرین جلیل اور کنور خالد یونس نے انکا استقبال کیا۔

## قمبر شہدادکوٹ میں شوہر کی جانب سے بیوی کو کلہاڑیوں سے وار کرکے تشدد کا نشانہ بنانے کا نوٹس لیا جائے، ہیر اسماعیل سوہو

کراچی۔۔۔14، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ہیر اسماعیل سوہو نے قمبر شہدادکوٹ میں شوہر کی جانب سے بیوی پر کلہاڑیوں کے وار کرکے بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے کھلی درندگی اور سفا کی قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں ہیر اسماعیل سوہو نے کہا کہ خواتین پر تشدد کے واقعات میں روز بروز تیزی سے اضافہ ہورہا ہے جبکہ متعدد معصوم وبے گناہ خواتین کو غیرت اور عزت کے نام پر نہ صرف بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنا کر زندگی بھر کیلئے معذور کیا جاچکا ہے بلکہ متعدد خواتین کو ظالمانہ تشدد کے سبب موت کی نیند سلا یہ جاچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ونی، کاروکاری جیسی فرسودہ رسومات اور ظالمانہ گھٹیا سوچ نے مردوں کو خواتین پر تشدد اور انہیں قتل وغارت گری کا نشانہ بنانے کا کھلا لائسنس دیدیا ہے شوہر کی جانب سے غیرت کے نام پر قمبر شہدادکوٹ کے گاؤں علی جان مگسی کا واقعہ بھی اس کی کڑی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی سے خواتین پر تشدد کے خلاف حقوق نسواں بل کی منظوری کی باوجود واقعات میں مسلسل اضافہ لمحہ فکریہ ہے اور اس بات کا ثبوت ہے کہ پولیس وانتظامیہ اپنا کردار ادا نہیں کررہی ہے۔ ہیر اسماعیل سوہو نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سمیت انسانی حقوق کی تمام تنظیموں سے مطالبہ کیا کہ وہ قمبر شہدادکوٹ میں ظالم شوہر کی جانب سے بیوی کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور معصوم خواتین کے ساتھ غیرت اور عزت کے نام پر ظلم وتشدد کا سلوک بند کرایا جائے۔

## جناب الطاف حسین نے اپنی قائدانہ صلاحیتوں کا بروقت استعمال کر کے شہر سے فرقہ وارانہ فسادات کا مکمل خاتمہ کیا
## سنی اور شیعوں کو ایک دوسرے کے قریب کیا جو ان کی قائدانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، علامہ عباس کمیلی اور علامہ حافظ محمد سلفی
## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، منتخب حق پرست عوامی نمائندوں اور ایم کیوایم کے ذمہ داران پر مشتمل وفد کی جانب سے
## محرم الحرام کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے، بھائی چارگی کے فروغ اور قیام امن وامان کیلئے علمائے کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے

کراچی ۔۔۔14، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، منتخب حق پرست عوامی نمائندوں اور ایم کیوایم کے ذمہ داران پر مشتمل وفد کی جانب سے محرم الحرام کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے، بھائی چارگی کے فروغ اور قیام امن وامان کیلئے علمائے کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے اور اس سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری اور رضا ہارون کے ہمراہ حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے علامہ عباس کمیلی اور علامہ حافظ محمد سلفی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی متحدہ علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد اور دیگر اراکین کے علاوہ ایم کیوایم کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ایم کیوایم کے وفد کے ارکان نے علمائے کرام کو قائد تحریک الطاف حسین کا خصوصی سلام پہنچایا اور ان سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران اتحاد بین المسلمین پر عمل پیرا ہو کر اپنی تقریروں میں اشتعال انگیز گفتگو سے گریز کریں اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی، امن وامان کیلئے باہمی اتحاد کے سلسلے میں آپس میں رابطوں پر مزید زور دیں اور ایک دوسرے کا دل سے احترام کریں۔ اس موقع پر علامہ عباس کمیلی اور علامہ حافظ محمد سلفی نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین نے بروقت اپنی قائدانہ صلاحیتوں کا درست استعمال کرتے ہوئے جس طرح شہر سے فرقہ وارانہ فسادات کا مکمل خاتمہ کیا اور سنی، شیعوں ایک دوسرے کے قریب کیا یہ ان کی قائدانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے جس پر ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے شکر گزار ہیں جو تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، مذہبی جماعتوں اور عوام کے درمیان قیام امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو فروغ دینے کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح سنی اور شیعہ علمائے کرام اور عوام اتحاد بین المسلمین کا عملی مظاہرہ کر کے آپس میں بھائی چارگی اور محبت کی مثال قائم کی ہے جو ایک گلدستے کی مانند ہے۔ بعد ازاں انہوں نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شہر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی فروغ، بھائی چارگی اور قیام امن وامان کے سلسلے میں اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی

## رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست نمائندوں کی نشتر پارک کی مرکزی مجلس میں شرکت

کراچی ۔۔۔14، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، منتخب حق پرست نمائندوں اور ایم کیوایم کے ذمہ داران کی جانب سے محرم الحرام کے دوران منعقدہ مجالس اور ماتمی جلوسوں میں شرکت کا سلسلہ جاری ہے۔ پیر کی شب ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون، ڈاکٹر صغیر احمد اور وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر اظہار الحسن نے نشتر پارک کی مرکزی مجلس میں شرکت کی اور اہل تشیع برادری کے معززین اور دیگر سے ملاقات کی اور بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی جبکہ اسی طرح رضا ہارون، ڈاکٹر صغیر احمد اور وسیم آفتاب نے انچولی کی مرکزی امام بارگاہ میں علامہ طالب جوہری کی مجلس میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی متحدہ علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد و اراکین کے علاوہ ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کمیٹی کے ارکان اور ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ علامہ شہنشاہ حسین تقوی نے مرکزی مجلس کے شرکاء سے خصوصی خطاب کیا اور کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ جو انسان حق اور سچ بولتا ہے اور اس پر قائم ہے معاشرے میں وہی انسان میں تبدیلی لا سکتا ہے، الطاف حسین نے ہمیشہ حق اور سچ کا ساتھ دیا اور جو کہا وہی کیا، ایم کیوایم سالوں سے عزاداروں کی خدمت کرتی چلی آئی ہے جبکہ حق پرست بلدیاتی قیادت نے اپنی محنت و لگن سے شہر کا نقشہ بدل دیا جس کی مثال کسی اور سیاسی یا مذہبی جماعت میں دیکھنے میں نہیں آتی۔ انہوں نے مجلس میں شرکت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور دیگر ذمہ داران کا شکریہ ادا کیا۔ دریں اثناء اظہار الحسن اور متحدہ علماء کمیٹی کے ارکان نے رضویہ سوسائٹی سے نکلنے والے مرکزی جلوس میں شرکت کی اور کچھ دیر جلوس کے شرکاء کے ساتھ رہے۔

## ایم کیوایم کے تحت سانحہ قصبہ علیگڑھ 14 دسمبر 1986 اور سانحہ سقوط ڈھاکہ کے شہداء کی برسی انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی

## ملک بھر میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے

## قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقد ہوا

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست ارکانِ قومی وصوبائی اسمبلی، وزراء، سینٹرز کے علاوہ

## ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات سیکٹرز ویونٹس کے ذمہ دارن وکارکنان سمیت شہداء کے عزیز واقارب اور ہمدرد عوام بڑی تعداد میں شرکت

کراچی۔۔۔14، دسمبر 2010ء

سانحہ قصبہ علیگڑھ 14 دسمبر 1986 اور سانحہ سقوط ڈھاکہ کے شہداء کی برسی متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام منگل کو ملک بھر میں انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی اس سلسلے میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے اور شہداء کو زبردست خراج پیش کیا گیا۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقد ہواجس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی اراکین رابطہ کمیٹی کنور خالد یونس، اشفاق منگی، سلیم تاجک، ڈاکٹر نصرت، شاکر علی، توصیف خانزادہ، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، سینٹرز، ارکانِ قومی وصوبائی اسمبلی کے علاوہ ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات، سیکٹر ویونٹس کے ذمہ دارن وکارکنان اور ہمدرد عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں اجتماعی دعا کرائی گئی جس میں تمام شہداء کے بلند درجات، ان کی مغفرت، لواحقین کیلئے صبر جمیل، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر، صحت وتندرستی کیلئے خصوصی کرائی۔کراچی کی طرح اندرون سندھ میں ایم کیوایم تمام زونز حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، نوابشاہ، عمرکوٹ، سانگھڑ، قمبر شہدادکوٹ، بدین، ٹھٹھہ، شکارپور، جیکب آباد، کشمور، نوشہروفیروز، ٹنڈوالہ یار، جامشورو، دادو، لاڑکانہ، صوبہ پنجاب میں لاہور، ملتان، راولپنڈی، فیصل آباد، گجرانوالہ زونز، صوبہ بلوچستان میں صوبائی دفتر واقع کوئٹہ اور ضلعی دفاتر اور خیبر پختونخواہ میں ایم کیوایم کے دفاتر کے علاوہ ضلعی دفاتر آزاد کشمیر میرپورمیرس، مظفرآباد، راولاکوٹ اور گلگت زون اور بلتستان زون میں مقامی ذمہ داران وکارکنان کی جانب سے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کیے گئے۔

## ملتان زون اور ڈسٹرکٹ کے ذمہ دارن نے بابا فرید شکر گنج کے مزار پر حاضری دی، جناب الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی

پاکپتن۔۔۔14، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ملتان زون کے انچارج واراکین اور ڈسٹرکٹ کے ذمہ داران نے بابا فرید شکر گنج کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی۔اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا بھی کی۔بعدازاں انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر پاکپتن میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت لگائے گئے طبی کیمپ کا دورہ کیا اور زائرین کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے طبی کیمپ پر خدمت انجام دینے والے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف کے عملے کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## رابطہ کمیٹی کی سائیں سہیلی سرکار کے مزار پر حاضری الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی

مظفرآباد۔۔۔14، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاہد الطیف اور گلفراز خاں خٹک نے مظفرآباد میں سائیں سہیلی سرکار کی مزار پر فاتحہ خوانی کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی۔اس موقع پر انہوں نے دہشت گردی کے خاتمے، ملک میں امن وامان کے قیام، فرقہ وارانہ ہم آہنگی، ایم کیوایم کے شہداء کیلئے بلند درجات، یم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا بھی کی۔اس موقع پر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سانحہ سی آئی ڈی بم دھماکے متاثرین میں بھاری مالیت کا مزید امدادی سامان تقسیم کیا گیا

کراچی۔۔۔14، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سانحہ سی آئی ڈی بم دھماکہ کے سینکڑوں متاثرین میں منگل کے روز بھی بھاری مالیت کا امدادی سامان تقسیم کیا گیا۔اس سلسلے میں پی آئی ڈی سی میں قائم امدادی کیمپ پر ایک سادہ تقریب منعقد کی گئی جس میں حق پرست اراکین اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت، مقیم عالم، سابق رکن اسمبلی اخلاق حسین عابدی اور علاقے معززین نے خصوصی شرکت کی اور متاثرین میں اشیاء خورد ونوش، گرم ملبوسات، لحاف گدے اور دیگر امدادی سامان تقسیم کیا جبکہ معصوم بچوں میں اسکول بیگز، کتابیں، اسٹیشنری کا مکمل سامان اور جوس کے ڈبے اور پینے کا صاف پانی بھی تقسیم کیا گیا۔اس موقع پر متاثرین جن میں خواتین، بزرگ، نوجوانوں اور بچوں کی تعداد نمایاں تھی نے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں سے استعفادہ کیا اور قائد تحریک الطاف حسین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور ان کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے دعائیں کیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ تعلیم کے فروغ کیلئے کام کررہی ہے، شعیب بخاری، ندیم احسان اور ریحان ظفر

کراچی۔۔۔14، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ تعلیم کے فروغ کیلئے کام کررہی ہے، بچوں کی بہترین تعلیم وتربیت ہی خوبصورت معاشرے کی پہلی سیڑھی ہے۔ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر شعیب احمد بخاری، حق پرست اراکین اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان اور ریحان ظفر نے لیاقت آباد ٹاؤن یوسی 3 میں واقع انگلش میڈیم اسکول نواب صدیق علی خان کے سینکڑوں غریب طلبہ وطالبات میں یونیفارم اور کتابوں کی تقسیم کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں نواب صدیق علی خان اسکول کے اساتذہ، طلبہ وطالبات اوران کے والدین، لیاقت آباد سیکٹر کمیٹی کے ارکان، ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ ڈی او ایجوکیشن، ٹاؤن ایڈمنسٹریٹر لیاقت آباد، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے افسران بھی موجود تھے۔ممتاز صنعتکار خالد غوری نے یونیفارم اور کتابیں مہیا کیے تھے۔بعدازاں سید شعیب احمد بخاری، ڈاکٹر ندیم احسان اور ریحان ظفر نے اسکول کے تمام بچوں میں دودو یونیفارم اور کتابیں تقسیم کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ تعلیم کے فروغ کیلئے کوشاں ہے اور دوہرے تعلیم میعار کوختم کرکے یکساں تعلیم نظام نافذ کرنا چاہتی ہے تاکہ غریب بچوں میں احساس محرومی کو جڑ سے ختم کیا جاسکے، نواب صدیق علی خان انگلش میڈیم اسکول کا قیام غریب طلبہ وطالبات کیلئے حق پرست قیادت کا انمول تحفہ ہے جہاں بچے انگلش میڈیم میں تعلیم حاصل کررہے ہیں۔انہوں نے بچوں پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ تعلیم کے حصول کیلئے پوری محنت ولگن سے دل لگا کر پڑھیں اور خوبصورت معاشرہ قائم کرکے اپنے والدین کا نام روشن کرے۔

## ایم کیوایم کینیڈا جی ٹی اے یونٹ کے زیراہتمام یوم شہداء انتہائی عقیدت واحترام سے منایا گیا

### یوم شہداء کے سلسلے میں قرآن خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدرد پاکستانیوں کی بڑی تعداد کی شرکت

### تحریک کے شہیدوں میں قائد تحریک الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین، بھتیجے عارف حسین اور تحریک کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کا لہو بھی شامل ہے، اقبال قمر

ٹورنٹو۔۔۔14 دسمبر 2010ء

ایم کیوایم کینیڈا جی ٹی اے یونٹ کے زیراہتمام یوم شہداء انتہائی عقیدت واحترام سے منایا گیا۔اس سلسلے میں قرآن خوانی کی گئی اس اجتماع میں ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدرد پاکستانیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔قرآن خوانی کے بعد فاتحہ خوانی کی گئی تحریک کی جدوجہد میں شہید ہونیوالوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے ایم کیوایم کینیڈا کے سینٹرل آرگنائزر اقبال قمر نے کہا کہ تحریک کی تمام قربانیاں شہیدوں کی قربانیوں کی مرہون منت ہیں۔تحریک کے ان شہیدوں میں قائد تحریک الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین، بھتیجے عارف حسین اور تحریک کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کا لہو بھی شامل ہے، ہم اپنے ان شہیدوں کی قربانیوں کو کبھی بھی فراموش نہیں کریں گے اوران شہیدوں نے تحریک کے جس عظیم مشن ومقصد کیلئے قربانیاں دی ہیں اس کے حصول کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔اس موقع پر شہیدوں کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور تحریک کی کامیابی، قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر اور پاکستان کی سلامتی وبقاء اور ترقی وخوشحالی کیلئے کی دعائیں کی گئیں۔

## سانحہ علی گڑھ 14 دسمبر 1986ء کے شہداء کی 24 ویں برسی کے موقع پر ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں فاتحہ خوانی

لندن۔۔۔14 دسمبر 2010ء

سانحہ علی گڑھ 14 دسمبر 1986ء کے شہداء کی 24 ویں برسی کے موقع پر آج لندن میں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں فاتحہ خوانی کی گئی۔ فاتحہ خوانی میں اراکین رابطہ کمیٹی اورانٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان نے شرکت کی۔اس موقع پر سانحہ علی گڑھ کے شہداء کے ساتھ ساتھ شہدائے مشرقی پاکستان کیلئے بھی فاتحہ خوانی کی گئی اور شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

☆☆☆☆☆